
اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ
القرآن الحکیم ۲:۲۵۸

جماعت احمدیہ امریکہ کا علمی، ادبی، تعلیمی اور تربیتی مجلّہ

# النور

احمدیہ مساجد، امریکہ

مارچ۔جون ۲۰۲۴




مسجد بیت العافیت۔ فلاڈیلفیا

**AHMADIYYA MUSLIM COMMUNITY**

*United States of America*

Muslims who believe in the Messiah
Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian
(May peace be on him)

وَاَقِيۡمُوۡا وُجُوۡهَكُمۡ عِنۡدَ كُلِّ مَسۡجِدٍ وَّادۡعُوۡهُ مُخۡلِصِيۡنَ لَهُ الدِّيۡنَ

(سورۃ الاعراف[۷]: آیت ۳۰)

تم ہر مسجد میں اپنی توجّہات (اللہ کی طرف) سیدھی رکھو۔ اور دین کو اُس کے لئے خالص کرتے ہوئے اُسی کو پکارا کرو۔

عَنۡ أَبِيۡ هُرَيۡرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنۡ غَدَا اِلَى الۡمَسۡجِدِ وَرَاحَ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُ نُزُلَهٗ مِنَ الۡجَنَّةِ كُلَّمَا غَدَا أَوۡ رَاحَ۔

(صحیح البخاری، جلد2، کتاب الاذان، صفحہ 59، حدیث نمبر 662)

حضرت ابوہریرہؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ آپؐ نے فرمایا: جو مسجد کو صبح شام جاتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں اپنی مہمان نوازی کا سامان تیار کرتا ہے۔

# مُناجات اور تبلیغِ حق

## منظوم کلام حضرت مسیح موعود علیہ السلام

میں کیونکر گِن سکوں تیرے یہ انعام — کہاں ممکن ترے فضلوں کا ارقام
ہر اک نعمت سے تو نے بھر دیا جام — ہر اِک دشمن کیا مردُود و ناکام
یہ تیرا فضل ہے اے میرے ہادی — فَسُبۡحَانَ الَّذِیۡ اَخۡزَی الۡاَعَادِیۡ

بنائی تو نے پیارے میری ہر بات — دکھائے تو نے اِحساں اپنے دن رات
ہر اک میداں میں دیں تُو نے فتوحات — بد اندیشوں کو تُو نے کر دیا مَات
ہر اک بگڑی ہوئی تُو نے بنا دی — فَسُبۡحَانَ الَّذِیۡ اَخۡزَی الۡاَعَادِیۡ

تری نِعمت کی کچھ قِلّت نہیں ہے — تہی اِس سے کوئی ساعت نہیں ہے
شمارِ فضل اور رحمت نہیں ہے — مجھے اَب شکر کی طاقت نہیں ہے
یہ کیا اِحساں ہیں تیرے میرے ہادی — فَسُبۡحَانَ الَّذِیۡ اَخۡزَی الۡاَعَادِیۡ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ البقرہ : ۲۵۸

اللہ ان لوگوں کا دوست ہے جو ایمان لائے۔ وہ ان کو اندھیروں سے نور کی طرف نکالتا ہے۔

# النور

ریاستہائے متحدہ امریکہ Al-Nur

جلد ۴۶ امان تا احسان، ۱۴۰۳ہش ـــ مارچ تا جون ۲۰۲۴ء ـــ رمضان تا ذوالحجہ ۱۴۴۵ ہجری نمبر ۳ تا ۶

اس شمارے میں

## امریکہ میں جماعت احمدیہ کی مساجد

مسجد فتح عظیم کا افتتاح

مسجد کے افتتاح کا منظر حسین ہے
یہ افتتاح ایک نشاں بالیقین ہے
کس شان کا ہمارا خدائے کریم ہے
حق آگیا ہے اور یہ فتح عظیم ہے

امۃ الباری ناصر


قرآن کریم.........2
حدیثِ مبارکہ مسجد بنانے کا اجر.........2
ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام مساجد کی اہمیت.........2
مساجد کے بارے میں خلفائے احمدیت کے ارشادات.........3
مسجد بیت الاکرام، ڈیلس.........4
زائن کی مسجد کے افتتاح کے موقع پر.........5
ارضِ امریکا میں تعمیرِ مساجد.........6
جماعت احمدیہ امریکہ کی مساجد اور تبلیغی مراکز.........7


ادارتی بورڈ

نگران: ڈاکٹر مرزا مغفور احمد امیر جماعت احمدیہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

مشیر اعلیٰ: اظہر حنیف، مبلغ انچارج، ریاستہائے متحدہ امریکہ

مینجمنٹ بورڈ: انور خان (صدر)، سیّد ساجد احمد، محمد ظفر اللہ ہنجرا، سید شمشاد احمد ناصر، سیکرٹری تربیت، سیکرٹری تعلیم القرآن، سیکرٹری امور عامہ، سیکرٹری رشتہ ناتا

مدیر اعلیٰ: امۃ الباری ناصر

مدیر: حسنیٰ مقبول احمد

ادارتی معاونین: ڈاکٹر محمود احمد ناگی، طاہرہ زرتشت نازؔ، زاہدہ ظہیر ساجد، قدرت اللہ ایاز، لطیف احمد

لکھنے کا پتہ: Al-Nur@ahmadiyya.us

Al-Nur, 15000 Good Hope Road Silver Spring, MD 20905

# قرآن کریم



اِنَّمَا یَعۡمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَی الزَّکٰوةَ وَلَمۡ یَخۡشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰۤی اُولٰٓئِکَ اَنۡ یَّکُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُهۡتَدِیۡنَ ﴿۱۸﴾

(سورۃ توبہ آیت نمبر ۱۸)

اللہ کی مسجدوں کو تو وہی آباد کرتا ہے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لاتا ہے۔ اور نمازوں کو قائم کرتا ہے اور زکوٰۃ دیتا ہے اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا سو قریب ہے کہ ایسے لوگ کامیابی کی طرف لے جائے جائیں۔

# حدیثِ مبارکہ

## مسجد بنانے کا اجر



حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، أَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ أَنَّ عَاصِمَ بْنَ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ حَدَّثَهُ أَنَّهُ، سَمِعَ عُبَيْدَ اللَّهِ الْخَوْلاَنِيَّ، أَنَّهُ سَمِعَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، يَقُولُ عِنْدَ قَوْلِ النَّاسِ فِيهِ حِينَ بَنَى مَسْجِدَ الرَّسُولِ صلى الله عليه وسلم إِنَّكُمْ أَكْثَرْتُمْ، وَإِنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُولُ " مَنْ بَنَى مَسْجِدًا ـ قَالَ بُكَيْرٌ حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ ـ يَبْتَغِي بِهِ وَجْهَ اللَّهِ، بَنَى اللَّهُ لَهُ مِثْلَهُ فِي الْجَنَّةِ ".

(صحیح البخاری، کتاب الصلوۃ، حدیث نمبر ۴۵۰)

ہم سے یحیٰ بن سلمان نے بیان کیا (انہوں نے کہا) ابن وہب نے مجھ سے بیان کیا کہ عاصم بن عمرو بن قتادہ نے انہیں بتلایا کہ انہوں نے عبید اللہ خولانی سے سنا کہ انہوں نے حضرت عثمانؓ بن عفان کو جب انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد بنوائی اور لوگ ان کے متعلق چہ میگوئیاں کرنے لگے یہ کہتے ہوئے سنا: تم نے بہت باتیں کی ہیں اور حالانکہ میں نے خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنتا تھا کہ جس نے مسجد بنوائی۔ بُکیر نے کہا: میرا خیال ہے کہ انہوں نے یہ کہا اور وہ اس سے اللہ تعالیٰ کی رضامندی چاہتا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں اس جیسی عمارت بنائے گا۔

# ارشادات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

## مساجد کی اہمیت



حضرت مسیح موعودؑ تعمیر مساجد کی فلاسفی بیان فرماتے ہیں:

یہ تجلی نشأۃ ثانیہ اور تبدلات روحانیہ کے لئے ہے اور یہ نظام خیر کی بنیاد کے لئے پہلی اینٹ ہے اور نیز مساجد کی تعمیر اور دیر کی خرابی کے لئے اور اس میں آسمانی قوتیں زمینی قوتوں پر غالب آجائیں گی اور مسیحی نور دجالی حیلوں سے بڑھ جائیں گے اور خدا تعالیٰ اپنی خلقت کو ایک روشن چراغ دکھائے گا پس وہ فوج در فوج دینِ الٰہی میں داخل ہوں گی۔

(روحانی خزائن، جلد ۸، صفحات ۲۳۷۔۲۳۸، نور الحق حصہ دوم، صفحہ ۴۲)

حضرت مسیح موعودؑ مساجد کی ضرورت کے بارے فرماتے ہیں:

اس وقت ہماری جماعت کو مساجد کی بڑی ضرورت ہے۔ یہ خانہ خدا ہوتا ہے۔ جس گاؤں یا شہر میں ہماری جماعت کی مسجد قائم ہو گئی تو سمجھو کہ جماعت کی ترقی کی بنیاد پڑ گئی۔ اگر کوئی ایسا گاؤں ہو یا شہر جہاں مسلمان کم ہوں یا نہ ہوں اور وہاں اسلام کی ترقی کرنی ہو تو ایک مسجد بنا دینی چاہیے پھر خدا خود مسلمانوں کو کھینچ لاوے گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ قیامِ مسجد میں نیّت بہ اخلاص ہو محض لِلّٰہ اسے کیا جاوے۔ نفسانی اغراض یا کسی شرّ کو ہرگز دخل نہ ہو تب خدا برکت دے گا۔

یہ ضروری نہیں ہے کہ مسجد مرصع اور پکی عمارت کی ہو۔ بلکہ صرف زمین روک لینی چاہیے اور وہاں مسجد کی حد بندی کر دینی چاہیے اور بانس وغیرہ کا کوئی چھپر وغیرہ ڈال دو کہ بارش وغیرہ سے آرام ہو۔ خدا تعالیٰ تکلفات کو پسند نہیں کرتا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد چند کھجوروں کی شاخوں کی تھی اور اسی طرح چلی آئی۔ پھر حضرت عثمانؓ نے اس لئے کہ ان کو عمارت کا شوق تھا۔ اپنے زمانہ میں اسے پختہ بنوایا۔ مجھے خیال آیا کرتا ہے کہ حضرت سلیمانؑ اور عثمانؓ کا قافیہ خوب ملتا ہے شاید اسی مناسبت سے ان کو ان باتوں کا شوق تھا۔ غرضکہ جماعت کی اپنی مسجد ہونی چاہیے جس میں اپنی جماعت کا امام ہو اور وعظ وغیرہ کرے اور جماعت کے لوگوں کو چاہیے کہ سب مل کر اسی مسجد میں نماز باجماعت ادا کیا کریں۔ جماعت اور اتفاق میں بڑی برکت ہے۔ پراگندگی سے پھوٹ پیدا ہوتی ہے اور یہ وقت ہے کہ اس وقت اتحاد اور اتفاق کو بہت ترقی دینی چاہیے اور ادنیٰ ادنیٰ باتوں کو نظر انداز کر دینا چاہیے جو کہ پھوٹ کا باعث ہوتی ہیں۔ (ملفوظات جلد ہفتم، صفحات ۱۱۹ تا ۱۲۰، ایڈیشن ۱۹۸۴ء)

۱۸۸۳ء میں قادیان میں مسجد مبارک کی بنیاد کے موقع پر حضرت مسیح موعودؑ کو درج ذیل الہام ہوا:

کیا ہم نے ہر یک بات میں تیرے لئے آسانی نہیں کی کہ تجھ کو بیت الفکر اور بیت الذکر عطا کیا۔ اور جو شخص بیت الذکر میں باخلاص و قصد تعبد و صحت نیت و حسن ایمان داخل ہو گا وہ سوئے خاتمہ سے امن میں آجائے گا۔ بیت الفکر سے مراد اس جگہ وہ چوبارہ ہے جس میں یہ عاجز کتاب کی تالیف کے لئے مشغول رہا ہے اور بیت الذکر سے مراد وہ مسجد ہے کہ جو اس چوبارہ کے پہلو میں بنائی گئی ہے اور آخری فقرہ مذکورہ بالا اسی مسجد کی صفت میں بیان فرمایا ہے جس کے حروف سے بنائے مسجد کی تاریخ بھی نکلتی ہے اور وہ یہ ہے۔ مبارک و مبارک و کل امر مبارک یجعل فیه یعنی یہ مسجد برکت دہندہ اور برکت یافتہ ہے اور ہر یک امر مبارک اس میں کیا جائے گا۔ (براہین احمدیہ حصہ چہارم، روحانی خزائن جلد ۱، صفحات ۲۶۶ تا ۲۶۸، حاشیہ در حاشیہ، اسلام انٹرنیشنل پبلیکیشن یوکے، ایڈیشن ۲۰۲۱ء)

# مساجد کے بارے میں خلفائے احمدیت کے ارشادات

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ نے ۱۳/ اکتوبر ۱۹۵۷ء کو مجلس خدام الاحمدیہ کے سالانہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

"تم ایسے آدمی کے ساتھ چل رہے ہو جسے خدا نے ساری دنیا میں مسجدیں بنانے کے لئے مقرر کیا ہے۔"

" اگر یورپ میں اڑھائی ہزار مسجدیں بن جائیں تو یورپ کے آخر کناروں تک نعرہ ہائے تکبیر کی صدائیں بلند ہو سکتی ہیں۔ اس طرح ایک مسجد کی اذان دوسری مسجد تک پہنچ جائے گی اور بیک وقت سارا یورپ اللہ اکبر کی آوازوں سے گونج اٹھے گا۔ جس دن ایسا ہو گیا اس روز عیسائیت جان لے گی کہ اسلام غالب آگیا۔ تثلیث کا عقیدہ رکھنے والوں کا زور ٹوٹ جائے گا اور وہ اسلام کی بڑھتی ہوئی یلغار کے آگے ہتھیار ڈال دیں گے۔ یورپ کی طرح امریکہ میں بھی مسجدیں تعمیر ہوں گی اور وہاں کا گوشہ گوشہ بھی اللہ اکبر کی آوازوں سے گونج اٹھے گا۔ اس وقت عیسائیت کے دل کانپ جائیں گے اور لوگ سمجھ لیں گے کہ اسلام کا نور اب ساری دنیا میں پھیلے بغیر نہ رہے گا۔"

1968ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے اپنے خطبات میں بیت اللہ کی تعمیر کے تیئس اہم اسباب بیان کیے۔ آپ نے فرمایا: بیت اللہ کی تعمیر جو خدا تعالیٰ کا پہلا گھر ہے، ہمیں ہدایت کی گئی ہے کہ اسی نمونے اور پاکیزگی کے ساتھ خدا کے گھر تعمیر کیے جائیں تا کہ بنی نوع انسان کو وہی فوائد حاصل ہوں جو آیت میں بیان کیے گئے ہیں: مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ۔ وہ تمام جہانوں کے لئے برکت والا (مقام) اور (موجب) ہدایت ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے مسجد بیت الحمید، چینو کیلیفورنیا کے افتتاح پر مسجدوں کو آباد رکھنے کے بارے میں فرمایا:

ہمیشہ مجھے اس بات کا جنون رہا کہ جہاں بھی جاؤں مسجدیں بھرنے کی تلقین کروں کیونکہ یہ نظارہ میں برداشت ہی نہیں کر سکتا کہ ہمارے گھر آباد ہوں اور خدا کے گھر خالی ہوں اس لئے جب مسجدیں بنائیں تو اس بات کو نہ بھولیں کہ ان مسجدوں کو بھرنا بھی ہم نے ہے۔ مسجدیں بنا کر خالی چھوڑنا بہت ہی ایک ویران منظر پیش کرتا ہے۔۔۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو دیکھیں کہ اپنے گھر چھوڑ کر مسجد میں رہ جایا کرتے تھے، مسجد کی صفوں میں لیٹے جایا کرتے تھے۔ دیکھیں خدا نے کتنی برکت ڈالی ہے آپ سب کے گھر حضرت

مسیح موعود علیہ السلام کے گھر ہیں۔ کتنی عظیم الشان برکت ہے ساری جماعت میں۔ دنیا کے کونے کونے میں خدا تعالیٰ عظیم الشان بابرکت گھر عطا کر رہا ہے جماعت کو۔ مسجدیں بھی اور مشن ہاؤس بھی اور ذاتی گھر بھی ہم سب کا تو سب کچھ ایک ہی ہے اور ہر چیز جماعت کی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ ۱۹ مارچ ۱۹۹۹ء میں مساجد کی تعمیر کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے فرمایا:

جماعتوں کو تحریری طور پر تفصیلی ہدایات دی جاچکی ہیں کہ اللہ کے گھر بڑی تعداد میں تعمیر کرنے شروع کر دیں۔ خدا خود بندوں کو مسجدوں میں کھینچ لائے گا۔۔۔۔ جب دنیا میں آپ اللہ کا گھر تعمیر کرتے ہیں تو خدا تعالیٰ عرشِ معلّیٰ پر یہ فیصلہ فرمالیتا ہے کہ جنت میں ان لوگوں کے لئے ایک ایسا ہی وسیع گھر بنایا جائے۔ وہ مادی گھر تو نہیں ہو گا۔ اس کی وسعتوں کا کیا حال ہو گا اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ مگر اس میں کوئی شک نہیں کہ مسجد بنانے والوں کے لئے بہت بڑا اجر مقدر ہے۔

# مسجد بیت الاکرام، ڈَیلَس

امۃ الباری ناصر

آج نازاں ہے بہت مسجد بیت الاکرام
اس پہ اللہ کے کرم سے یہ ہوا ہے انعام

اس کے مینار سے آوازِ اذاں گونجے گی
شش جہت جائے گا توحید کا زندہ پیغام

دید آقا کی ہوئی، خوشیوں سے سب رقصاں ہیں
رکھ دیے دیدہ و دل آپ کے تحتِ اقدام

شاد ہیں بچیاں اور لجنہ کی ساری ارکان
خوش ہیں اطفال بھی انصار بھی سارے خدام

ہم نے دیکھے ہیں خود آنکھوں سے صداقت کے نشاں
ہو رہے ہیں یہ بڑی شان سے پورے الہام

عافیت اب ہے مسیحا کے عَلَم کے نیچے
اس کے سائے میں پنہ پائیں گی ساری اقوام

سب کناروں سے زمیں کے یہ صدا آتی ہے
احمدیت تو ہے لاریب حقیقی اسلام

# زائن کی مسجد کے افتتاح کے موقع پر

طاہرہ زرتشت نازؔ

کلید شہروں کی پا رہا ہے
وہ اور بھی جھکتا جا رہا ہے

وہ بانجھ کھیتوں میں امن بو کر
کمال فصلیں اُگا رہا ہے

اسے محبت ہے روشنی سے
دیا ہَوا سے بچا رہا ہے

پیام دے کے محبتوں کا
سکوں کی جانب بلا رہا ہے

کلی کلی مسکرا رہی ہے
بہار بن کر وہ چھا رہا ہے

عطا ہوئی ہے خدا کی نصرت
سے کا پنچھی یہ گا رہا ہے

ہوائیں رحمت کی چل رہی ہیں
چمن ، چمن ، لہلہا رہا ہے

وہ دینِ اسلام کے عدو کو
نشانِ عبرت بنا رہا ہے

نشان تک بھی نہیں ہے باقی
یہ شہر زائن بتا رہا ہے

نہیں ہے منزلِ عشق آساں
یہ راستہ ہی بتا رہا ہے

ہر ایک پتھر جو راہ میں ہے
خدا خود اس کو ہٹا رہا ہے

ملی کلیدِ ظفر اسی کو
جو حق کا پرچم اڑا رہا ہے

# ارضِ امریکا میں تعمیرِ مساجد

جمیل الرحمٰن، ہالینڈ

لَوح پر لکھی گئی ہے از سرِ نَو داستاں
دہر میں پھیلی ہوئی تاریکیوں کے درمیاں
ارضِ امریکا سنبھال اب مشعلِ قدوسیاں

تیرے گلشن پر بھی آئی احمدیت کی بہار
دیکھ تعمیرِ مساجد میں جمالِ حسنِ یار
تیری مٹی سے اٹھے گی امنِ عالم کی اذاں
ارضِ امریکا سنبھال اب مشعلِ قدوسیاں

اک حیاتِ نَو تجھے بخشی گئی تقدیر سے
ہو گئی آزاد تو بھی نفس کی زنجیر سے
مرہمِ غم بن گئے تیری مسیحائے زماں
ارضِ امریکا سنبھال اب مشعلِ قدوسیاں

تُو نے کھینچی تھی براہیمی پرندوں پر کماں*
وعدۂ حق نے کیا تجھ پر بھی لیکن یہ عیاں
مات تھی کس کا مقدر کون ہے فاتح یہاں
ارضِ امریکا سنبھال اب مشعلِ قدوسیاں

یاد رکھنا یہ ترقی ہے خلافت کا ثمر
جس کی برکت کی گواہی دے رہے ہیں بحر و بر
ہر قدم پر جس کا حامی مالکِ کون و مکاں
ارضِ امریکا سنبھال اب مشعلِ قدوسیاں

*نوٹ: حضرت مفتی محمد صادقؓ کو امریکہ میں داخلہ کے وقت جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا' اس کی طرف اشارہ ہے۔

# جماعت احمدیہ امریکہ کی مساجد اور تبلیغی مراکز

## شکاگو میں امریکہ کی پہلی مسجد اور تبلیغی مرکز

۱۹۲۲ء میں امریکہ میں تبلیغ کے لئے خریدا گیا۔ (4448 Wabash Avenue Chicago IL)

## مسجد الصادق، شکاگو، اِلّانائے

۱۹۹۴ میں اسی جگہ پر پرانی عمارت گرا کر نئی عمارت تعمیر ہوئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۲۳ اکتوبر ۱۹۹۴ء کو افتتاح فرمایا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ ۱۷ جون ۲۰۱۲ء کو یہاں تشریف لائے۔

## مسجد فضلِ عمر، ڈیٹن، اوہائیو

پہلا جلسہ سالانہ امریکہ ڈیٹن میں ۱۹۴۸ء کو منعقد ہؤا۔ ستمبر ۱۹۴۹ء کو ایک خاندان نے زمین کا ٹکڑا تحفے میں دیا۔ یہاں مسجد کی بنیاد مشنری مکرم خلیل احمد ناصر نے مارچ ۱۹۵۳ء کو رکھی۔ اسی جگہ پر نئی عمارت تعمیر کی گئی۔ پتہ: 637 Randolph St. Dayton, OH تکمیل: ۲۳ مارچ ۱۹۶۵ء۔ اس عمارت کو بعد میں وسعت دی گئی۔

## امریکن مسجد فضل، واشنگٹن، ڈی سی

۲ / اپریل ۱۹۵۰ء کو تین منزلہ عمارت خریدی گئی۔ مئی ۱۹۵۰ء میں جماعت احمدیہ کا ہیڈ کوارٹر امریکن مسجد فضل، واشنگٹن ڈی سی (2141 Leroy Place, Washington, D.C.) منتقل ہؤا۔ ۱۹۹۴ تک امریکن مسجد فضل جماعت کا ہیڈ کوارٹر رہا۔ اس مسجد میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ، حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز تشریف لائے۔

## مسجد النور، پٹسبرگ، پینسلوینیا

ایک عمارت ۱۹۵۰ء میں خریدی گئی (2522 Webster Avenue, Pittsburgh PA)۔ اسے بعد میں بیچ دیا گیا۔ ایک بڑا میسانک گرجا گھر (747 South Ave, Wilkinsburg, PA) ۲۰۰۶ء میں خریدا گیا اور اسے بھی النور مسجد کا نام دیا گیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ۲۰ جون ۲۰۱۲ء کو یہاں تشریف لائے۔

## مسجد بیت الحفیظ، سینٹ لوئیس، مزوری

سال ۱۹۴۸ء میں جماعت کو ڈیلمر پر ایک عمارت مسلم برادرہوڈ سے ملی۔ سال ۱۹۶۰ء میں ایک پلاٹ Alcott and Bircher Ave. پر خریدا گیا لیکن مسجد نہ بن سکی۔ پھر جماعت نے ۱۹۷۲ء میں ایک عمارت مشن ہاؤس کے لئے خریدی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ اکتوبر ۱۹۸۷ء میں وہاں تشریف لے گئے۔ ۲۰۰۷ء میں مسجد بیت الحفیظ کی تعمیر شروع ہوئی (4529 Emerson Ave, St. Louise, MO)۔ مسجد اگست ۲۰۰۸ء میں مکمل ہو گئی۔ مکرم ڈاکٹر احسان اللہ ظفر نے ۱۷ / اگست ۲۰۰۸ء کو اس کا افتتاح کیا۔ گنبد ۸ / اپریل ۲۰۱۱ء کو نصب کئے گئے۔

## مسجد بیت الظّفر، نیویارک

یہودی عبادت گاہ کی عمارت ۱۸ جولائی ۲۰۰۸ء کو خریدی گئی (188-15 Mclaughlin Ave, Hollis, NY)۔

## مسجد بیت الواحد، نیو جرسی

۱۹۷۳ء میں ٹینیک میں ایک گھر خریدا گیا جسے بعد میں اسی دہائی میں بیچ دیا گیا۔ مسجد بیت الواحد، کروٹس ایونیو کلفٹن نیو جرسی، ۱۹۸۸ء میں خریدی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے افتتاح فرمایا۔

مسجد بیت الواحد، ہاتھورن نیو جرسی میں (131 Wagaraw Road, Hawthorne New Jersey) ایک گرجا ۲۰۱۵ء میں خریدا جو ضروری تبدیلیوں کی بعد ۲۰۱۷ء میں بطور مسجد استعمال ہونے لگا۔

## مسجد بیت المظفر، ڈیٹرائٹ، مشی گن

۱۸ جون ۱۹۷۶ء کو 8218 Wyoming Avenue, Detroit, Michigan کے مقام پر جگہ خریدی گئی۔ ۸ / اگست ۱۹۸۳ء کو دو دہشت گردوں نے مکرم ڈاکٹر مظفر احمد کو ان کے گھر پر شہید کر دیا۔ انہوں نے مسجد کو بھی آگ لگائی اور خود بھی اپنی لگائی ہوئی آگ میں لقمۂِ اجل ہو گئے۔ وقارِ عمل کے ذریعہ ڈیٹرائٹ کی جلائی گئی مسجد کی مرمت ہوئی مگر اب اسے گرا دیا گیا ہے۔

## مسجد محمود، ڈیٹرائٹ، مشی گن

۱۹۸۴ء میں ۷ ایکڑ جگہ خریدی گئی جو ۲۰۰۰ء میں حکومت نے لے لی اور اس کی جگہ ۵ ایکڑ جگہ ۲۰۰۱ء میں 1730 W Auburn Road, Rochester Hills, MI خریدی گئی جس پر مسجد محمود تعمیر ہوئی۔

## مسجد یوسف، ٹوسان، اے ری زونا

اس مسجد کی تعمیر جون ۱۹۸۰ء میں شروع ہو کر مارچ ۱۹۸۳ء میں مکمل ہوئی۔ شہر کی انتظامیہ ملحقہ سڑک کو کھلا کرنا چاہتی تھی اس لئے اس مسجد کو ۱۹۸۶ء میں مسمار کیا گیا۔ سن ۱۹۸۶ء اور ۱۹۸۷ء میں پہلے سے کم جگہ پر نئی مسجد تعمیر ہوئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۲۱ / اکتوبر کو افتتاح فرمایا۔ بعد میں ایک اور عمارت، باجرہ ہاؤس بالکل پہلی عمارت جیسی مگر اس سے بڑی اس کے مشرق میں بنائی گئی۔

## مسجد بیت العافیت، فلاڈیلفیا پینسِلوینیا

۱۹۸۲ء میں ایک تین منزلہ عمارت خریدی گئی۔ جگہ کا نام ناصر مسجد رکھا گیا۔ اس کے بعد ایک گھر قریب میں لجنہ کے لئے خریدا گیا جس کا نام مریم ہال مشہور ہؤا۔ یہ دونوں بعد میں بیچ کر مسجد بیت العافیت تعمیر ہوئی۔ تاریخ خرید: ۱۹ دسمبر ۲۰۰۷ء اس جگہ نئی عمارت تعمیر کی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۱۹/اکتوبر ۲۰۱۸ء کو افتتاح فرمایا۔

پتہ: 1215 W. Greenwood Ave, Philadelphia PA

## مسجد بیت الجامع، گلین ایلن، شکاگو، اِلّانائے

تاریخ خرید: ۲۹ مئی ۱۹۸۴ء، زمین جس میں ایک مکان تھا۔ پتہ: 2S, 510 Route 53, Glen Ellyn, IL۔ پرانی عمارت کو گرا کر نئی عمارت بنائی گئی حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۲۳/ اکتوبر ۱۹۹۴ء کو اس مسجد کا افتتاح فرمایا۔

## مسجد بیت الصمد، بالٹی مور، میری لینڈ

مسجد بیت الصمد بالٹی مور گرجے کی عمارت کی مسجد میں تبدیلی اور تزئین و آرائش کے بعد وجود میں آئی۔ پتہ: 7302 Pulaski Hwy, Baltimore MD۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۲۰/ اکتوبر ۲۰۱۸ء کو افتتاح فرمایا۔

## مسجد بیت الحمید، چینو، کیلیفورنیا

یہ زمین (11941 Ramona Ave, Chino, CA) کچھ مکانوں کے ساتھ ۱۹۸۴ء، ۱۹۸۵ء میں خریدی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۷ جولائی ۱۹۸۹ء کو نئی عمارت کا افتتاح فرمایا۔ ۲۰۰۳ء میں مسجد کے ایک حصہ میں آگ لگ گئی۔ ۲۰۰۹ء میں آگ والے حصہ کو دوبارہ تعمیر کیا گیا۔

## مسجد بیت النصر، وِلِنگ بورو، نیو جرسی

نیو جرسی کی جماعت نے ۱۹۸۴ء میں اڑھائی ایکڑ جگہ مع ایک مکان بمقام 500 Bridge Street حاصل کی۔ جس پر یہ مسجد تعمیر کی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۸/ اکتوبر ۱۹۹۴ء کو مسجد کی بنیاد رکھی۔ مسجد ۲۰۰۶ء میں مکمل ہوئی اور امیر جماعت امریکہ، مکرم ڈاکٹر احسان اللہ ظفر نے افتتاح کیا۔

## مسجد فتحِ عظیم، زائےاَن، الانائے

پتہ: 2700 Lewis Ave, Zion, IL

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۳۰ ستمبر ۲۰۲۲ء کو افتتاح فرمایا۔

## مسجد بیت الہادی، ہیرس برگ پینسلوینیا

تاریخ خرید: ۲۰۱۱ء۔ پتہ: 245 Division St, Harrisburg, PA۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے یکم جولائی ۲۰۱۲ء کو افتتاح فرمایا۔

## دارالامان، کینر، نیو آرلینز، لیوزیانہ

۱۹۸۵ء میں ایک رہائشی بلڈنگ خریدی گئی اور اسے تبلیغی مرکز کے طور استعمال کیا گیا۔ ۲۰۱۲ء میں ایک دو منزلہ بڑی وسیع عمارت بمقام 2113 38th St, Kenner LA خریدی گئی۔ تکمیل: ۱۵ مئی ۲۰۱۳ء

## مسجد بیت الاحد، بیڈ فرڈ، کلیو لینڈ، اوہائیو

تاریخ خرید: جولائی ۱۹۸۶ء

پتہ: 297 Center Rd, Bedford, OH

## مسجد رضوان، پورٹ لینڈ، اوریگان

تاریخ خرید زمین: ۱۵ اگست ۱۹۸۵ء ۔ نئی عمارت تعمیر کی گئی۔ پتہ: 9925 SW 35th Drive, OR

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۲۸/ اکتوبر ۱۹۸۷ء کو افتتاح فرمایا۔

## مسجد بیت الرحمٰن، سلور سپرنگ، میری لینڈ

تاریخ خرید زمین: اکتوبر ۱۹۸۷ء پتہ: 15000 Good Hope Road, Silver Spring, MD

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۴/ اکتوبر ۱۹۹۴ء کو افتتاح فرمایا۔ جماعت کا ہیڈ کوارٹر یہاں منتقل ہوا۔

## مسجد دارالسلام، بے پوائنٹ، کیلیفورنیا

تاریخ خرید: ۱۴ مارچ ۱۹۸۹ء پتہ: 520 Pacifica Ave, Bay Pont, CA

## مسجد بیت النصیر، راچیسٹر، نیویارک

ایک عمارت Wyand-Cresent streets پر ۱۹۸۹ء میں خریدی گئی۔ بعد میں ۲۰۰۵ء میں عمارت 1609 East Main St, Rochester, NY پر خریدی گئی۔

## مسجد بیت السمیع، ہیوسٹن، ٹیکسس

تاریخ خرید: ۱۹۹۶ء پرانی عمارت کے ساتھ نئی عمارتیں تعمیر کی گئیں۔ پتہ: 1333 Spears Rd, Houston, TX تکمیل: مارچ ۲۰۰۴ء

## مسجد احمدیہ شارلٹ، نارتھ کیرولائنا

تاریخ خرید: ۲۰۱۴ء۔ پتہ: 5314 Mt Holly-Huntersville Rd, Charlotte, NC

پہلی عمارت ۲۰۱۷ء میں بنی اور دوسری ۲۰۲۲ء میں مکمل ہوئی۔

## مسجد بیت القادر، ملواکی، وِسکانسِن

ایک کمرشل بلڈنگ ۱۹۹۱ء۔ ۱۹۹۲ء میں خرید کر اسے مسجد بنایا گیا۔ بعد میں اسے بیچ کر ایک نئی بڑی عمارت 10401 W Oklahoma Ave, Greenfield WI پر خریدی گئی۔

## مسجد بیت النصیر، میامی، فلوریڈا

تاریخ خرید: ۲۸ اکتوبر ۲۰۰۴ء۔ پتہ: 208 NW 7th CT, Hallandale Beach, FL

## مسجد بیت النور، البنی، نیویارک

تاریخ خرید: ۱۹۹۷ء پتہ: 941 River Rd, Schenectady, NY

## مسجد بیت الہادی، اولڈ برج، نیو جرسی

۱۹۹۷ء میں خریدی گئی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۱۹۹۸ء میں مسجد کا افتتاح فرمایا۔

## مسجد بیت البصیر، سلی کن ویلی، مل پیٹس، کیلیفورنیا

تاریخ خرید: ۷ مارچ ۱۹۹۷ء۔ پتہ: 926 Evans Rd, Milpitas, CA حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۳ جولائی ۱۹۹۸ء کو مسجد کا افتتاح فرمایا۔

### مسجد بیت الاکرام، ڈَے لَس، ٹیکسس

تاریخ خرید: ۱۹۹۸ء اس جگہ نئی عمارات بنائی گئیں۔ پتہ: 1850 Hedgcoxe Rd, Allen, TX حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۱۳ اکتوبر ۲۰۲۲ء کو افتتاح فرمایا۔

### بیت الناصر، احمد آباد، باسٹن، میساچوزیٹس

تاریخ خرید: ۱۹۸۵ء پتہ: 4 Nasir Ahmad Road, Sharon, MA یہاں نئی عمارت بنائی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے ۳ جون ۱۹۹۷ء کو افتتاح فرمایا۔

### مسجد بیت الناصر، کولمبس، اوہائیو

تاریخ خرید: ۲۰۰۱ء پرانی عمارت کے ساتھ نئی عمارت تعمیر کی گئی۔ پتہ: 3360 Toy Rd, Groveport, OH حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۱۹ جون ۲۰۱۲ء کو افتتاح فرمایا۔

### مسجد بیت الطاہر، بروکلین، نیویارک

تاریخ خرید: ۲۰۰۲ء

پتہ: 1477W 8th St Brooklyn, NY

### مسجد بیت العطاء، اٹلانٹا، جارجیا

۲۰۰۲ء ایک عمارت خریدی گئی۔ اس کی جگہ ۲۰۱۴ء میں ۲۷،۰۰۰ مربع فٹ عمارت ساڑھے چار ایکڑ زمین کے ساتھ خریدی گئی۔ پتہ: 1800 Willow Trail Pkwy NW, Norcross, GA

### تبلیغی و تربیتی مرکز، برانکس، نیویارک

تاریخ خرید: ۱۲ مارچ ۲۰۰۴ء

پتہ: 3421 White Plains Rd. Bronx NY۔ تکمیل: ۲۰۰۵ء

### مسجد بیت الہدیٰ، لانگ آئی لینڈ، نیویارک

تاریخ خرید: ۲۰۰۴ء. پتہ: 64 Union Avenue, Amityville, NY

### مسجد بیت الاحسان، سیراکیوز، نیویارک

تاریخ خرید: ۲۰۰۵ء۔ پتہ: 6650 Old Collamer Rd, East Syracuse, NY

### مسجد بیت الامن، فی نکس، اے ری زونا

تاریخ خرید: ۲۰۰۵ء۔ پتہ: 2035 W Elliot Rd, Chandler, AZ

### مسجد نصرت، کُون ریپڈز، منی سوٹا

تاریخ خرید: ۲۴ ستمبر ۲۰۱۳ء۔ پتہ: (11450 Robinson Dr, Coon Rapids, MN 55433-3745) افتتاح ۲۳ مئی ۲۰۱۵ء۔

### مسجد بیت الاحسان، منرو، واشنگٹن

تاریخ خرید: ۲۰۱۵ء۔ پتہ: 23515 Old Owen Rd, Monroe, WA

### مسجد بیت العافیت، اورلینڈو، فلوریڈا

تاریخ خرید: نومبر ۲۰۰۶ء۔ پتہ: 9501 Satellite Blvd Ste 103, Orlando, FL

### مسجد بیت المقیت، آسٹن، ٹیکسس

تاریخ خرید: ۲۰۰۷ء۔ پتہ: 800 Deepwood Drive, Round Rock, TX

### مسجد بیت الامن، ہارٹفرڈ، کنیکٹیکٹ

تاریخ خرید: ۲۰۰۷ء

پتہ: 410 Main St, Meriden, CT

### مسجد محمود، نیش وِل، ٹینی سی

تاریخ خرید: اگست ۲۰۰۸ء

پتہ: 101 Maple St, Smyrna, TN

### وین بیورن مرکز، شکاگو، الانائے

تبلیغی و تربیتی مرکز

### مسجد مبارک، چینٹ لی، ورجینیا

تاریخ خرید: ۲۱ دسمبر ۲۰۰۶ء ۔ اس جگہ نئی عمارات تعمیر کی گئی ہیں۔ پتہ: 4555 Ahmadiyya Dr., Chantilly, VA۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۲۷ جون ۲۰۱۲ء کو افتتاح فرمایا۔

### مسجد بیت الانوار، رچمنڈ، ورجینیا

تاریخ خرید: ۲۰۱۲ء۔ پتہ: 2617 Turner Rd, Richmond, VA

### مسجد بیت الحمد، بنگ ہیمٹن، نیویارک

تاریخ خرید: ۱۸ دسمبر ۲۰۱۲ء

پتہ:- 10 Sheedy Rd, Vestal, NY

### مسجد بیت التوحید، لاس ویگس، نیواڈا

تاریخ خرید: ۱۳ فروری ۲۰۱۴ء۔ پتہ: 6574 W Cheyenne Ave, Las Vegas, NV

### مسجد مسرور، مناسَس، ورجینیا

تاریخ خرید: ۷ جون ۲۰۱۷ء۔ پتہ: 5640. Hoadley Rd, Manassas, VA

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۳ نومبر ۲۰۱۸ء کو افتتاح فرمایا۔

### مسجد بیت القیوم، فورٹ ورتھ، ٹیکسس

خرید: ۱۶ اکتوبر ۲۰۱۸ء۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۷ اکتوبر ۲۰۲۲ء کو افتتاح فرمایا۔

### مسجد مسرور، پیکورَوے را

پتہ: 7419 Passion Blvd, Pico Rivera, California

### انصار وِلّیج کمیونٹی سنٹر

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے ۳۰ اکتوبر ۲۰۲۲ء کو اس سنٹر کا معائنہ فرمایا۔

### کینسس سٹی مرکز، کینسس

خرید: اپریل ۲۰۲۴ء۔ یہ عمارت مقامی احباب جماعت کے لئے مسجد کے طور پر استعمال ہوگی۔